Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Course Work Examination - December - 2019

Paper - PHUR101DST : Poetry

پرچہ: شاعری

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) غزل اور مطالعۂ غزل کے مصنف کا نام بتائیے۔

(ii) کس ملک کی شاعری کے زیر اثر ہندوستان میں غزل کو فروغ حاصل ہوا؟

(iii) کسی غزل کا دوسرا شعر بھی مطلع ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(iv) غزل کی گردن بے تکلف مار دینے کا مشورہ کس کا تھا؟

(v) کس انجمن کے زیر اثر اردو میں موضوعاتی شاعری کی ابتدا ہوئی؟

(vi) کس تصنیف میں مولانا حالیؔ نے اردو کی اصنافِ شعر کا تنقیدی تجزیہ کیا؟

(vii) منظوم جواہر کس کی تصنیف ہے؟

(viii) ''روشنی کے فرشتے سے تاریکی کا کام لیا گیا ہے'' یہ جملہ کس کا ہے اور کس کتاب میں تحریر کیا گیا ہے؟

(ix) عارفؔ کی موت پر غالبؔ کا کوئی ایک شعر تحریر کیجیے۔

(x) قصیدہ کے لفظی اور لغوی معنی بتائیے۔

حصہ دوم

:2 اردو میں غزل گوئی کے آغاز پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔

:3 اردو غزل کے اہم نقادوں کے خیالات کی روشنی میں اردو غزل کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

4: اردو میں نظم نگاری کے اولین نقوش کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لیجیے۔

5: اردو نظم میں ہیئت کے تجربوں کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

6: اردو مثنوی کے فروغ میں میر حسن کی خدمات کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

7: اردو میں قصیدہ نگاری کے زوال کے اسباب بیان کیجیے۔

8: غالبؔ کی قصیدہ نگاری کے امتیازات کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

9: جدید اردو مرثیے کے موضوعات کا تنقیدی احاطہ کیجیے۔

حصہ سوم

10: غزل کی فنی خصوصیات کا تجزیہ کرتے ہوئے اس کے ارتقائی سفر کا جائزہ لیجیے۔

11: اردو نظم کے ارتقائی سفر کا تنقیدی تجزیہ اہم نظم نگاروں کی روشنی میں کیجیے۔

12: مثنوی گلزار نسیم اور مثنوی سحر البیان کی فنی قدر و قیمت کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

13: قصیدے کے عروج و زوال کی سفری روداد کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

14: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

(i) مفلسی (ii) جگنو (iii) مسجد قرطبہ

☆☆☆